نماز میں ہلنا جھلنا کیسا ہے؟

مجیب: محمد عرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1677

تاریخ اجراء: 04ذوالقعدۃالحرام1444ھ/25مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا نماز میں ہلنے سے نماز ہو جائے گی؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

نماز میں بلاوجہ شرعی دائیں بائیں جھومنا مکروہ تنزیہی ہے، اس سے بچنا چاہئے، لیکن اس کے باوجود نماز ہو جائے گی۔ ہاں تراوُح یعنی کبھی ایک پاؤں پر زور دینا اور کبھی دوسرے پر، یہ سنت ہے۔

فتاوی ہندیہ میں ہے" ویکرہ التمایل علی یمناہ مرۃ وعلی یسراہ أخری. کذافي الذخیرۃ" ترجمہ: نماز میں دائیں طرف اور پھر بائیں طرف جھکنا مکروہ ہے، جیسا کہ ذخیرہ میں ہے۔ (فتاوی ہندیۃ، کتاب الصلاۃ، فصل فیما یکرہ فی الصلاۃ۔۔۔الخ، ج1، ص108، دار الفکر، بیروت)

اس کے تحت امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "قولہ:" ویکرہ التمایل علی یمناہ مرۃ وعلی یسراہ أخری۔۔۔": أي بتوال وتواتر کما ھو عادۃ الیھود وقد نھی عنہ النبي صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وأما التراوح بین القدمین وھو أن یکون إعتمادہ ساعۃ علی الیمنی أکثر وأخری علی الیسری فھذا من السنۃ حققہ العلامۃ ابن أمیر الحاج" ترجمہ: (ہندیہ کا قول کہ نماز میں دائیں طرف پھر بائیں طرف جھکنا مکروہ ہے) اس سے مراد ہے کہ پے در پے لگاتار دائیں بائیں جھکنا (یعنی جھومنا) مکروہ ہے جیسا کہ یہود کی عادت ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرمایا، اور بہر حال دونوں قدموں کے مابین تراوح یعنی اکثر دائیں قدم پر زور دے کر ایک گھڑی جھکے رہنا اور کبھی بائیں قدم پر تو یہ سنت ہے، علامہ ابن امیر الحاج نے اس کی تحقیق کی ہے۔ (التعلیقات الرضویۃ علی الفتاوی الھندیۃ، کتاب الصلاۃ، فصل فیما یکرہ فی الصلاۃ، ص40، مکتبہ اشاعۃ الاسلام، لاہور)

بہار شریعت میں ہے" داہنے بائیں جھومنا مکروہ ہے اور تراوح یعنی کبھی ایک پاؤں پر زور دیا کبھی دوسرے پر یہ سُنّت

ہے۔"(بہار شریعت، ج1، حصہ3، ص634، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net